© rasailojaraid.com



جاتے ہیں۔ گورنمنٹ کے بعض اقدامات کے خلاف سخت سے سخت مظاہرے ہوتے ہیں لیکن کبھی قتل وغارت گری اور آتش زنی کا ہنگامہ برپا نہیں ہوتا، اس کے برعکس اگر مسلمان کبھی کوئی پرامن مظاہرہ بھی کرتے ہیں تو ان پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا جاتا ہے جیسا کہ گزشتہ سال فیروزآباد اور بنارس میں ہوا۔ پھر یونیورسٹیوں میں بھوک ہڑتال، احتجاجی مظاہرے، گھیراؤ، بلکہ توڑ پھوڑ، بسوں کو آگ لگا دینا وغیرہ اب روزمرہ کے واقعات بن گئے ہیں، لیکن حکومت نہ ان یونیورسٹیوں کی اکزکٹو اور کورٹ کو معطل کرتی ہے، نہ یونیورسٹیوں کے قواعد وضوابط (Statutes) کو بدلتی ہے، نہ کوئی آرڈیننس نافذ کرتی ہے اور نہ انتظامیہ میں کوئی ہنگامی صورت پیدا کرتی ہے۔ لیکن مسلم یونیورسٹی میں کوئی اسی قسم کا ناگوار واقعہ رونما ہو جاتا ہے تو حکومت کی پوری مشنری حرکت میں آجاتی ہے اور یونیورسٹی کی ہیئت انتظامیہ کو یکسر تبدیل کر دیا جاتا ہے، غرض کہ مسلمانوں کی نسبت جو ذہن اور مزاج اکثریت کا ہے اُس کا عکس عمال و کارکنان حکومت کے رویہ میں بھی نظر آتا ہے، اور یہ ایک ایسی صاف اور واضح حقیقت ہے کہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا!!

---

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا ترمیمی ایکٹ ۱۹۷۲ء جب پارلیمنٹ نے منظور کیا تھا تو اس سلسلہ میں وزیر تعلیم نے پارلیمنٹ کے اندر اور اس کے باہر بھی متعدد مرتبہ کہا کہ انھیں خطوط پر دوسری یونیورسٹیوں کے لئے بھی ترمیمی ایکٹ بنے گا لیکن ہوا یہ کہ چونکہ دہلی اور بنارس یونیورسٹیوں کے طلباء اور اساتذہ نے اس ایکٹ کے بنیادی خدوخال کے خلاف اپنی شدید بیزاری اور ناپسندیدگی کا اظہار پہلے سے کر دیا اس لئے وزیر تعلیم کو اب تک اس بل کو پارلیمنٹ میں پیش کرنے کی ہمت نہیں ہوئی اور ہماری پیش گوئی ہے کہ آئندہ بھی یہ بل دوسری یونیورسٹیوں کے لئے اپنی موجودہ شکل وصورت کے ساتھ پارلیمنٹ میں پیش نہ کیا جا سکے گا۔ لیکن مسلم یونیورسٹی کے ساتھ معاملہ کی نوعیت یہ ہے کہ یہ بل بڑی خاموشی کے ساتھ اچانک پارلیمنٹ کے سامنے آیا اور منظور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی ہوگیا۔ اس کے نتیجہ میں یونیورسٹی کا نظم ونسق درہم برہم ہو کر رہ گیا، امن وسکون جاتا، تعلیم کا ستیاناس ہوگیا، یونیورسٹی بند کردی گئی، پولس کے حفاظتی دستوں نے کیمپس پر قبضہ جمالیا۔ ہوسٹل خالی ہوگئے اور یونیورسٹی میں خاک اڑنے لگی، لیکن ان تمام باتوں کے باوجود حکومت اطمینان سے بیٹھی ہے کہ گویا کچھ ہوا ہی نہیں!! نوجوانوں کی تعلیمی زندگی کا ایک ایک لمحہ بڑا قیمتی ہوتا ہے۔ اس طرح ان کے ایک پورے برس کا برباد ہوجانا کوئی معمولی حادثہ نہیں ہے، اور یہ عظیم نقصان صرف طالب علموں کا اپنا نہیں، بلکہ پورے ملک اور پوری قوم کا ہے۔

---

اس گذارش کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ طلبار بے قصور ہیں اور ان سے کوئی خطا سرزد ہی نہیں ہوئی ہے، لیکن طلبار بہرحال اپنی اولاد ہیں، ملک اور قوم کے مستقبل کا دارومدار ان کے بننے اور بگڑنے پر ہے، پھر چند در چند اندرونی اور بیرونی اسباب وعوامل کے باعث آجکل ایشیا اور افریقہ کے ملکوں میں نوجوانی اور بڑھاپے میں جو شدید کشمکش برپا ہے اور جس کے مظاہرے خود ہمارے ملک میں بھی آئے دن ہوتے رہتے ہیں، اس کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے، لڑکوں کا اپنے جذبات کے اظہار میں آئین وضوابط کے حدود سے متجاوز ہوجانا کوئی بعید نہیں، لیکن اول تو چند طلبار کی وجہ سے ہزاروں نوجوانوں کا ایک تعلیمی سال برباد کردینا کونسا انصاف ہے! پھر جو طلبار خطار کار ہیں بھی ان کے ساتھ معاملہ عام مجرمین کا سا کہیں پر بھی نہیں کیا جاتا۔ ہم ذاتی طور پر ایسے کتنے ہی نوجوانوں سے واقف ہیں جو طالب علمی کے زمانہ میں انتہائی شریر اور یونیورسٹی کے لئے دردسر تھے، لیکن آج وہ گورنمنٹ کے مختلف محکموں کے نہایت لائق اور قابل افسر سمجھے جاتے ہیں۔ اس بنا پر یونیورسٹی کا فرض ہے کہ وہ یونیورسٹی کے آئین وضوابط کی رو سے مجرم طلبار کے معاملات پر بھی ہمدردی اور شفقت کے جذبہ کے ساتھ غور کرے نہ کہ کسی انتقامی جذبہ کے ساتھ، اور جہاں تک ممکن ہو کسی نوجوان کے کیریر (career) کو تباہ نہ ہونے دیا جائے، کیونکہ ایک نوجوان کی تعلیمی زندگی کا تباہ ہوجانا بسا اوقات ایک پورے گھرانہ کی تباہی کا باعث ہوسکتا ہے۔

---

© rasailojaraid.com